بخار :

بخار کب سے ہے ۔ بخار کیسے شروع ہوا۔ بخار کم ہوتا ہے یا زیادہ ، بخار تھر ما میٹر پر لیا ہے یا صرف خو د کو محسوس ہوتا ہے ۔ بخار سارے دن ایک جیسا رہتا ہے یا کسی وقت چھوڑتا بھی ہے ۔ بخار ہر روز آتا ہے یا ایک دودن چھوڑ کر آتا ہے ۔ بخار کے ساتھ سردی لگنے ، کپکپانے یا ٹھنڈے پسینے آنے کی شکایت ہوتی ہے ۔ بخار کے ساتھ کوئی اور تکلیف جیسے سر درد ، کھانسی ، الٹی ، موشن ، پیشاب میں جلن یا جلد پر خارش یا دھبے پڑنے کی شکایت ہوتی ہے ۔ بخار کیلئے کسی ڈاکٹر کو دکھایا ۔ کیا دوالی ۔ کیا ٹیسٹ کروائے ۔

موشن / جلاب :

موشن / جلاب کب سے ہیں ۔ دن میں کتنی بار موشن ہوتے ہیں موشن کتنی مقدار میں ہوتے ہیں موشش بڑے بڑے آتے ہیں ۔ موشن / جلاب کس طرح کے ہوتے ہیں ۔ پتلے یا پانی جیسے ۔ جلاب کس رنگ کے ہوتے ہیں ۔ کالے پاخانے تو نہیں آتے خون بنانے کی گولی لیتے ہیں ۔ موشن میں خون ، بلغم چکنائی یا کیڑے تو نہیں آتے ۔ موشن آسانی سے بہہ جاتے ہیں یا انہیں بہانے میں مشکل ہوتی ہے ۔

جلاب کے ساتھ کوئی اور تکلیف ہے جیسے بخار ، پیلیا ، پیٹ میں درد ، الٹی وغیرہ جوڑوں کی تکلیف یا وزن میں کمی کی شکایت ہے ۔ آپ کو آنتوں کی کوئی بیمیاری یا ٹی بی تو نہیں ۔ صرف جلاب ہی ہوتے ہیں یا جلاب کے بعد قبض اور ہر جلاب ہوتے ہیں ۔ موشن کھانا کھانے سے پہلے آتے ہیں یا کھانا کھانے کے بعد ۔ کوئی دوا لیتے ہیں جیسے قبض کی دوا وغیرہ ۔ حال ہی میں شہر یا ملک سے باہر جانا ہوا ہے ۔ شادی شدہ ہیں ۔ بیوی / شوہر کے علاوہ کسی سے تعلقات رہے ہیں یا نہیں ۔ موشن کیلئے کسی ڈاکٹر کو دکھایا ۔ کیا دوا لی ۔ کیا ٹیسٹ ہوئے ۔ کبھی پاخانے کی جگہ سے کیمرے والی ٹیوب ڈال کر بڑی آنت کا معائنہ کیا گیا ہے ۔

سینے میں درد :

درد کہاں ہوتا ہے ۔ درد کیسا محسوس ہوتا ہے ۔ درد مستقل رہتا ہے یا آرام کرنے سے ختم ہوجاتا ہے ۔ درد بازو یا جبڑے کی طرف جاتا ہے ۔ درد چلنے پھرنے اور کام کرنے سے بڑھتا ہے یا لیٹنے سے بڑھتا ہے ۔ گہرا سانس لینے سے درد اٹھتا ہے ۔ کھانا کھانے سے درد بڑھتا ہے یاکم ہوتا ہے ۔

HX OF ADDICTION / SMOKING / ALCOHOL

سگریٹ خالی پیتے ہیں یا کچھ بھر کے پیتے ہیں ۔ نشے کیلئے ٹیکے لگوائے ہیں ۔ نشے کیلئے کیا کیا استعمال کرتے ہیں ۔ کبھی سیگریٹ ۔ حقہ ۔ پان ۔ چھالیہ ۔ تمباکو ۔ گٹکا یا شراب استعمال کیا ہے ۔ سگریٹ (یا شراب) کتنے سال سے اور کس عمر سے پیتے ہیں ۔ ایک دن مین کتنے پیکٹ / سگریٹ پیتے ہیں ۔ ایک پیکٹ میں کتنی سگریٹ ہوتی ہیں ۔ (اگر آپ خود سگریٹ نہیں پیتے تو) گھر میں کوئی ایسا فرد ہے جو سگریٹ پیتا ہو اور اس کا دھواں آپکو پریشان کرتا ہو۔ شراب ۔ کچی شراب ۔ پکی شراب ؟ کبھی نشہ کی عادت سے جان چھڑانے کا خیال آیا ۔ جب دوسرے آپ کے نشے کے بارے میں بات کرتے ہیں تو آپ کو غصہ آتا ہے شراب پینے کی عادت خود کو بری لگتی ہے ۔ کیا صبح اٹھ کر سب سے پہلے شراب پینے کی طلب ہوتی ہے تاکہ دن بھر کے کام آرام سے ہوسکیں؟

COUGH + SPUTUM

کھانسی کب سے ہے ۔ کھانسی میں بلغم آتا ہے یا خشک کھانسی ہے ۔ کتنا بلغم آتا ہے یا خشک کھانسی ہے ۔ کتنا بلغم آتا ہے ۔ چمچے یا کپ کے حساب سے بتا سکتے ہیں۔ بلغم کس رنگ کا ہوتا ہے ۔ بلغم میں بدبو آتی ہے ۔ بلغم میں کبھی خون آتا ہے ۔ کتنا اور کیسا خون آتا ہے ۔ خون لال رنگ کا ہوتا ہے یا کالا ۔ کسی ایک طرف کروٹ کر کے لیٹنے سے بلغم زیادہ آتا ہے ۔ کھانسی دن بھر ایک جیسی رہتی ہے یا دن کے کسی وقت زیادہ ہوجاتی ہے ۔کھانسی کے ساتھ بخار ، سینے کا درد ، سانس کی تکلیف یا وزن میں کمی ۔ کام کیا کرتے ہیں ۔ گھر کے پاس کوئی فیکٹری ہے ۔ کسی بھی چیز یا کسی خاص دوا یا خاص غذا سے الرجی ہے ۔ گھر میں پالتو جانور ، پرندے یا قالین موجود ہیں ۔ کھانا کون سے چولھے پر پکتا ہے ۔ گیس کے یا لکڑی کے ۔

SHORTNESS OF BREATH

سانس کی تکلیف کب سے ہے ۔ سانس کی تکلیف اچانک شروع ہوئی یا بڑھتے بڑھتے بڑھ گئی ۔ سانس کی تکلیف چلنے پھرنے سے بڑھتی ہے ۔ کتنے قدم چلنے پر سانس خراب ہونے لگتی ہے ۔ باتھ روم خود چلی جاتے ہیں ۔ گھر کے کام آرام سے کرلیتی ہیں ۔ سیڑھیاں چڑھ سکتی ہیں ۔ آفس کے کام کرلیتے ہیں ۔ سانس کے تکلیف بیٹھنے سے بہتر ہوتی ہے یا لیٹنے سے ۔ رات کو سونے میں کتنے تکیے لگاتے ہیں ۔ رات کو سونے میں سانس کی تکلیف سے اٹھ کر بیٹھنا پڑتا ہے ۔ سانس کی تکلیف کے ساتھ دل کی دھڑکن کم ، زیادہ یا بے ترتیب ہوتی ہے ۔ سانس میں سیٹی کی

آواز آتی ہے ۔ آپ کو یا گھر میں کسی کو ٹی بی ہے ۔ مہینے نہار منہ ٹی بی کی گولیوں کا کورس کیا ہے ۔ کیا پیروں ، پیٹ ، چہرے یا آنکھوں کے ارد گرد سوجن آتی ہے ۔ کام کیا کرتے ہیں ۔ گھر کے پاس کوئی فیکٹری ہے ۔ کسی خوص دوا یا غذا سے الرجی ہے ۔ گھر میں پالتو جانور ، پرندے یا قالین ہیں ؟ کھانا کون سے جولھے پر پکتا ہے ۔ گیس کے یا لکڑی ہے ۔

HEADACHE

MIGRANE (NICOLISTALLY 325 – PK – 1108)

کیا آپ کے سر میں درد ہوتا ہے ۔ مہینے میں کتنی بار ہوتا ہے ۔ کیا درد آدھے سے میں ہوتا ہے ۔ درد کب شروع ہوتا ہے ۔ کتنی دیر چلتا ہے ۔ کیا درد آدھے سر سے شروع ہوکر پورے سر میں ہونے لگتا ہے ۔ درد کیسا محسوس ہوتا ہے ۔ جیسے سر میں بھاری پن یا دباؤ ہو ، سر جکڑا ہوا ہو ۔ درد قابل برداشت ہوتا ہے بہت شدید ۔ کیا سردرد ہونے سے پہلے آپ کو ابکائی ، الٹی ، آنکھوں میں درد یا دھندلا نظر آنے کی شکایت ہوتی ہے ۔ آنکھوں کے آگے روشنی کے دھبے آتے ہیں ۔ ہاتھ پیروں میں کہیں جلب چبھن یا سن ہونے کی شکایت ہوتی ہے ۔ کیا سردرد کے دوران شور اور روشنی بری لگتی ہے اور آپ اکیلے اور خاموش رہنا پسند کرتے ہیں کیا اس دوران آپ کام کرسکتے ہیں درد کسی خاص وجہ سے شروع ہوتایا بڑھتا ہے مثلاً زیادہ یا کم سونے سے ، ٹینشن یا فکر سے ، کام کی زیادتی سے ، موسم کی تبدیلی سے ، کسی خاص غذا سے یا ماہواری سے ۔ سردرد کیلئے آپ کیا دوا لیتے ہیں ۔ دوائیں آپ کو سوٹ کرتی ہیں ۔ دوا لینے سے کوئی سائڈ ایفکٹ یا مسئلہ تو نہیں ہوتا۔ معدے میں جلن تیزابیت ہوتی ہے ۔ کبھی جھٹکے آئے ہیں یا فالج کا اثر ہوا ہے ۔

CLUSTER (PK:1109)

کیا سردرد کے وقت آنکھ میں درد ، آنکھ لال ہوجانے اور آنکھ سے پانی آنے کی شکایت ہوتی ہے ۔ رات کو شدید درد سے آنکھ کھلتی ہے ۔

TENSION TYPE HEADACHE (PK1109)

کیا سردرد پٹی کی صورت میں ہوتا ہے ۔ کیا درد سر کے پیچھے یا گردن میں ہوتا ہے ۔ درد صبح میں زیادہ ہوتا ہے یا شام میں ۔ کیا کھانا چباتے وقت جبڑے میں درد ہوتا ہے ۔ کیا کندھے درد کرتے ہیں ۔ کیا نظر کمزور ہوگئی ہے ۔ ایک آنکھ کی بینائی اچانک کم یا ختم ہوگئی ہے ۔

SUBARACHNOID HEMORRHAGE

کیا سردرد اتنا شدید ہے کہ زندگی میں پہلے کبھی ایسا درد پہلے نہ ہوا تھا ۔ کیا سردرد کے ساتھ گردن میں اکڑن اور تکلیف محسوس ہوتی ہے ۔ سردرد کے ساتھ الٹی / ابکائی آتی ہے ۔ سرمیں چوٹ لگی ہے ۔ کبھی جھٹکے آے یا فالج ہونے کی شکایت ہوئی ہے ۔

HEADACHE 2 RAISED ICP

سر کا درد صبح زیادہ ہوتا ہے یا شام میں (صبح میں)۔ کیا سردرد کے ساتھ الٹی بھی آتی ہے ۔ کیا سردرد سر کو آگے کی طرف جھکانے یا کھانسے سے بڑھ جاتا ہے ۔

QUESTION TO BE ALWAYS ASKED IN ALL KINDS OF HEADACHE TO RULE OUT SERIOUS PATHOLOGY

کیا سردرد کے ساتھ بکار اور گردن میں اکڑن اور تکلیف محسوس ہوتی ہے ۔ کیا سر پر چوٹ لگی تھی۔ کیا کبھی جھٹکوں کے اثر سے جسم ہلنے لگتا ہے ؟ کیا کبھی جسم کے کسی حصے میں ہلنے لگتا ہے ؟ کیا کبھی جسم کے کسی حصے ہلنے لگتا ہے ؟ کیا کبھی جسم کے کسی حصے میں کمزوری یا فالج کا اثر ہوا ہے ۔ کیا نظر کمزور ہوگئی ہے یا دھندلا یا دو دو نظر آنے لگا ہے ۔ پانی بلڈ پریشر ، شوگر یا دل کی بیماری تو نہیں۔

VERTIGO / BLACKOUTS

کیاآنکھوں کے نتیجے اندھیرا آجاتا ہے ۔ بستر سے اٹھتے ہیں تو اچانک چکر آجاتے ہیں ۔ چکر آتے ہیں تو سر گھومتا ہے ۔ کیا گردن دائیں بائیں گھمانے سے چکر آتے ہیں سنائی ٹھیک دیتا ہے یا نہیں ۔ چلنے میں قدم لڑکھڑاتے ہیں یا لگتا ہے کہ کہیں گر نہ جاؤں کبھی چکرا کر گرے ہیں یا بے ہوش ہوئے یا چوٹ آئی ہے ۔ دل کی دھڑکن کبھی تیز کبھی ہلکی کبھی خراب ہوتی ہے ۔ سینے میں درد ، سانس میں تکلیف یا دل کی بیماری ہے ۔ سر میں درد یا نظر کی

کمزوری یا دو دو نظر آنے کی شکایت ہے کبھی جھٹکوں کے اثر سے جسم ہلنے لگتا ہے ۔ جسم کے کسی حصے میں کمزوری آئی ہے یا کبھی فالج کا اثر ہو ا ہے ۔ شوگر کی بیماری ہے ۔ شوگر کم کرنے کیلئے کون سی گولی یا انسولین لیتے ہیں ۔ بلڈ پریشر زیادہ رہتا ہے ؟ بلڈ پریشر کم کرنے کیلئے سی دوا لیتے ہیں ۔ وزن کم کرنے کیلئے پیشاب اور گولیاں لیتی ہیں ۔ کیا مرگی یا جھٹکوں کے علاج کے لئے گولیاں لیتی ہیں ۔

EPILEPSY/FITS(PK–1113-5)

پہلی بار جھٹکے کب اور کس عمر میں ہو ئے ۔ جھٹکے کس طرح کے ہوتے ہیں صرف ہاتھ یا پاؤں ہلتے ہیں ۔ یا سارا جسم ہلنے لگتا ہے ۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آپ تھوڑی دیر کیلئے غائب ہوجائے ۔ کسی نے آپ کے جھٹکے لیتے دیکھا ہے ۔ مہینے میں کتنی بار جھٹکے آتے ہیں ۔ آخری جھٹکا کب آیا ۔ آنکھیں اوپر چڑھ جانا ۔ جھٹکوں کے ساتھ بے ہوشی ، پیشاب ، پا خانہ ، نکل جانے یا زبان دانتوں کے بیچ میں آجانے کی شکایت ہوتی ہے ۔ جھٹکے کتنی دیر چلتے ہیں اور آپکو ہوش کتنی دیر میں آتا ہے ۔ کبھی جھٹکے کنٹرول نہ ہونے کی وجہ سے ہسپتال جاناپڑاہے۔ جھٹکے کسی خاص وجہ سے آتے ہیں جیسے بخار ، ذہنی دباؤ ، تیز روشنی یا تیز آواز سے ۔ گھر میں یا خاندان میں کسی کو جھٹکوں کی بیماری ہے ۔ جھٹکوں کیلئے کیا دوا لیتے ہیں ۔ دوا باقاعدگی سے لیتے ہیں یا ناغہ ہوجاتی ہے۔ جھٹکے دوا سے کنٹرول ین رہتے ہیں ۔ خون میں دوا کا لیول چیک کروایا ہے ۔ دواؤں سے کوئی سائڈ ایفکٹ یا مسئلہ تو نہیں ہوتا ۔ کیا آپ لڑکھڑاتے ہیں ۔ بار بار گر جاتے ہیں ۔ بار بار بخار آنا ہے ۔ خلو یا گلا خراب ہوتا ہے ۔ آپکی پیدائش نارمل ڈیلیوری سے ہوئی تھی ۔ اس دوران کوئی پیچیدگی تو نہیں ہوئی تھی ۔ پیدائش کے بعد عام بچوں کی طرح بیٹھنا ، کھڑے ہونا ، چلنا اور بولنا سیکھا تھا ؟ عام بچوں سے پیچھے تو نہیں تھے ؟ مرگی کے علاج کے علاوہ کوئی اور دوا لیتے ہیں جیسے اینٹی بوٹی ، ڈپریشن کی دوا ، دل کے مرض کی دوا یا پیشاب اور گولیاں یا خون پتلا کرنے کی دوا۔ شوگر کی بیماری ہے اس کیلئے گولیاں یا انسولین لیتے ہیں ۔ سینے میں درد ، سانس کی تکلیف یا دل کی بیماری ہے ۔ دل کی ڈھڑکن کبھی زیادہ ، کبھی کم یا خراب ہوتی ہے ۔ جگر کی بیماری یا پلیا ہوا ہے ۔ گر دے کی بیماری یا پیشاب کی کوئی تکلیف ہے ۔

Example of History Taking Pattern for long case in FCPS

السلام و علیکم میرا نام ڈاکٹر عفت ہے ۔

آپ سے آپ کے مرض کے متعلق سوالات کر کے معائنہ کروں گی تاکہ آپ کے مرض کی تشخیص اور علاج ہوسکے ۔

آپ کا نام کیا ہے ۔ (عظمیٰ) آپکی عمر کیا ہے ۔ رہتی کہاں ہیں ۔ کرتی کیا ہیں ۔ شادی شدہ ہیں ؟ کتتنے بچے ہیں ۔

اس بیمیاری کی علاوہ بھی پہلی آپ کو کوئی بیماری تھی جیسے شوگر ، بلڈپریشر وغیرہ ۔ کبھی پیلیا (سائی) یا ٹی بی تو نہیں ہوئی ۔ کوئی جگر کی بیماری یا کالا یرقان تو نہیں ہوا۔ گردے یا پیشاب کی تکلیف ہوئی ہے ؟

اس وقت آپ ہسپتال کس تکلیف سے آئی ہیں ۔ اس تکلیف کے ساتھ بخار یا وزن میں کمی کی شکایت ہوئی ہے ۔

مجھے آپ کی بات سے یہ معلوم ہوا کہ آپ کی شکایت کچھ یوں ہیں ۔

15 دن پہلے آپ کے پیٹ میں درد ہوا ۔ 7 دن سے آپ کی آنکھیں پیلی ہوگئیں ۔ 2 دن سے آپ کے پیٹ پہ سوجن آگئی ۔

یہ تھر ما میٹر لگا لیں ۔ تھوڑی دیر بعد مجھے واپس کردیں ۔ اس دوران میں آپ کا بلڈ پریشر لوں گی ۔

سر میں درد یا جھٹکوں کی شکایت ہوئی ہے ۔ کبھی جسم کے کسی حصے میں کمزوری یا فالج کا اثر ہوا ہے ۔ آنکھوں سے دھندلا نظر آنے یا ہوتھوں پیروں میں سوئیان چبھنے اور سن ہونے کی شکایت ہے ۔

دل کی دھڑکن بے ترتیب ہوتی ہے ۔ سانس کی تکلیف ، کھانسی ، بلغم کی شکایت ہے ۔ رات میں سانس کی تکلیف سے سونے سے آنکھ کھلتی ہے ۔ کبھی منہ سے یا پاخانے کے راستے سے خون آیا ہے ۔ پیٹ میں سوجن ، درد ، قبض ، جلاب یا الٹی کی شکایت ہے ۔ پیشاب میں کمی ، جلن یا جھاگ محسوس ہوتے ہیں ۔ پیروں میں یا آنکھوں کے اردگرد سوجن آتی ہے ۔

آنکھوں کے آگے اندھیرا آتا ہے ۔ کیا ہر وقت کمزوری تھکاوٹ کا احساس ہوتا ہے ۔ بار بار بخار آتا ہے ۔ معمولی چوٹ سے یا خود بخود جسم پر نیل پڑتے ہیں ۔ گردن ، بغلوں یا پیٹ اور ٹانگوں کے درمیان گٹلیاں محسوس ہوتی ہیں ۔

جوڑوں ، ہڈیوں یا پٹھوں میں درد کی شکایت ہے ۔ بیٹھ کے اٹھنے میں کوئی مشکل تو نہیں ۔ دھوپ میں نکلنے سے چہرے پہ جلن محسوس ہوتی ہے ۔ کیا جلد پر خارش ، دانے اور دھبے ہوتے ہیں ۔ منہ میں چھالے آتے ہیں ۔ ٹھنڈک سے انگلیوں کا رنگ بدلنے کی شکایت ہوتی ہے ۔

وزن میں کمی یا زیادتی محسوس ہوتی ہے ۔ سردی گرمی دونوں موسم برداشت کرلیتے ہیں آواز میں بھاری پن یا ہاتھ کپکپانے کی شکایت تو نہیں ۔ دل کی دھڑکن کم یا زیادہ ہونے کی شکایت تو نہیں ازدواجی تعلق کے مسائل تو نہیں ۔ اس بیماری سے پہلے بھی کوئی بیماری رہی ہے ۔ کبھی ہسپتال میں داخلہ ہوا۔ کبھی کوئی آپریشن ہوا ۔ کبھی خون لگا ۔ دوا میں کیا پیتے ہیں ۔ حفاظتی ٹیکے لگوائے ہیں ۔ Hep A, B یا فلو کی ویکسین لگوائی ہے ۔ کسی خاص دوا یا غذا سے الرجی ہے ۔ شہر سے یا ملک سے باہر جانا ہوا ۔ ہسپتال میں داخلہ ہوا ہے ۔ آپریشن ہوا ہے ۔ دوا کیا لیتے ہیں ۔ ٹیسٹ کیا ہوئے ہیں۔ کوئی Bipsy یا کیمرہ والی نلکی ڈال کر ٹیسٹ کیا ہے ۔ حفاظتی ٹیکے لگے ہیں ۔ غو نیا یا گالے پیلئے سے بچاؤ کے ٹیکے لگے ہیں ۔ خون چڑھا ہے ۔ ملک سے باہر جانا ہوا ہے ۔

PERSONALHX

نیند اور بھوک ٹھیک ہیں ۔ قبض یا جلاب کی شکایت تو نہیں ۔ پیشاب صحیح آتا ہے ۔ پان چھالیا ، سگریٹ استعمال کی ہے ۔ کوئی نشہ آور چیز استعمال کی ہے ۔

MEUSTURAL/OBSTETRICHX

کس عمر میں ماہواری شروع ہوئی ۔ ماہواری اپنی تاریخ پرآتی ہے یا نہیں ۔ کون زیادہ یا کم تو نہیں آتا۔

OBSTETRICHX

کتنے بچے ہیں ۔ کوئی بچہ ضائع ہواتھا ۔ بچے نارمل ہوتے ہیں یا آپریشن سے ۔ حمل کے دوران کوئی پیچیدگی ہوئی تھی ۔

FAMILYHX

والدین حیات ہیں ۔ کوئی بیماری تو نہیں یا آپ کے والدین کی شادی خاند میں ہوئی تھی یا باہر ۔ والدین کا انتقال کس طرح ہوا ۔ بیمار تھے ۔ کتنے بہن بھائی ہیں ۔ کتنے بچے ہیں ۔ بہن بھائیوں یا بیوی بچوں میں کسی کو آپ جیسا مسئلہ یا کوئی اور بیماری تو نہیں ۔ خاندان میں کوئی موروثی بیماری ہے ۔ گھر کا خرچ کون چلاتا ہے ۔ وہ کیا کام کرتے ہیں ۔ گزارا آسانی سے ہوتا ہے یا مشکل سے ۔ گھر اپنا ہے یا کرائے کا ۔ گھر میں کتنے کمرے ہیں اور ان میں کتنے افراد رہتے ہیں ۔ گھر میں دھوپ اور ہوا آتی ہے ۔

FACE IN CT DISORDERS

سر کے بال تیزی سے گرنے یا گنج پن کی شکایت ہے ۔ دھوپ میں نکلنے سے چہرے پر جلن ہوتی ہے ۔ جلد پر دھبے پڑتے ہیں یا خارش ہوتی ہے ۔ جلد سخت یا کھچی ہوئی محسوس ہوتی ہے ۔ منہ میں چھالے یا زخم ہوتے ہیں ۔ سینے میں چلن یا معدے میں تیزابیت کی شکایت ہے ۔ منہ پورا کھولنے میں مشکل ہوتی ہے ۔ منہ خشک رہتا ہے ۔ کھانا نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے ۔ باربار پانی پینا پڑتا ہے ۔ آنکھوں میں جلن ، جبھن اور خشکی محسوس ہوتی ہے یا نہیں آنکھوں سے دھندلا یا دو دو نظر آتا ہے ۔

MUSCULOSKERETAL

جسم کے چھوٹے یا بڑے جوڑوں میں درد ہوتا ہے ۔ کمر میں یا پٹھوں میں درد ہوتا ہے ۔ کنگھا کرنے یا بیٹھ کر اٹھنے میں تکلیف ہوتی ہے ۔ ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہین ۔ ان میں سنسنا ہٹ ہوتی ہے یا سوئیاں چبھتی ہین ۔

VASCULAR

ٹھنڈک سے یا پانی میں ہاتھ ڈالنے سے انگلیوں کا رنگ بدلنے یا ان میں تکلیف ہونے کی شکایت ہوتی ہے یا نہیں ۔ چلنے میں ٹانگوں میں درد ہوتا ہے ۔ کتنے قدم چلنے پر رکنا پڑتا ہے ۔ آرام کرنے سے درد ٹھیک ہوتا ہے ۔ یا نہیں کیا ہاتھوں ، پیروں کی انگلیوں پر السر یا زخم بنتے ہین ۔ ناخن کمزور ہوکر جلدی ٹوٹ جاتے ہیں یا نہیں ۔ خون جمنے کی بیماری تو نہیں خون پتلا کرنے کی دوا استعمال کرتے ہیں ۔

HEMATOLOGY:

کیا آپ کو کمزوری تھکاوٹ رہتی ہے ۔ وزن کم ہوگیا ہے یا زیادہ ، بار بار بخار آتا ہے۔ کیا خود بخود یا معمولی چوٹ پر نیل پڑتے ہیں ۔ جسم کے کسی حصے سے خون آتا ہے ۔ جسم کے کسی حصے جیسے گردن ، بغلوں یا رانوں پر گٹلیاں بنتی ہیں ۔

ENDOCRONOLOGY:

کیا گردن پر سوجن محسوس ہوتی ہے ۔ سردی اچھی لگتی ہے یا گرمی یا دونوں موسم ٹھیک لگتے ہیں ۔ آپ کو اپنی شکل و صورت یا آواز میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے وہ تبدیلی کیا ہے ۔

CNS:

سر میں درد ، چکر یا جھٹکے آنے کی شکایت ہے ۔ کبھی بے ہوشی یا فالج ہوا ہے ۔ افسردگی یا ذہنی دباؤ کی کیفیت محسوس ہوتی ہے ۔

RESP:

کھانسی ، بلغم ، سینے میں درد یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ چلنے سے سینے میں درد یا سانس پھولنے کی شکایت ہوتی ہے ۔ کبھی دل کا دورہ پڑنے یا دل کا وال خراب ہوجانے کی شکایت ہوئی ہے ۔ دل کی دھڑکن کم زیادہ یا خراب ہونے کی شکایت ہوتی ہے ۔

GIT

پیٹ میں کہیں درد ہوتا ہے ۔ کبھی پیلیا ہوا ہے ۔ منہ سے پاخانے کے راستے خون آیا ہے ۔ کبھی سفید یا لال خون لگا ہے ۔ قبض یا جلاب کی شکایت ہے ۔ سینے یں جلن ، تیزابیت ، بد ہضمی یا الٹی کی شکایت ہوتی ہے ۔

RENAL

پیشاب میں جھاگ آتے ہیں ۔ پیروں ، پیٹ ، چہرے یا آنکھوں کے ارد گرد سوجن آتی ہے ۔ کبھی گردے واش کروانے کی ضرورت پڑی ہے ۔

MARITAL/SEXUAL HX

شادی شدہ ہیں ۔ شوہر / بیوی سے ملنے کا دل چاہتا ہے ۔ ازدواجی تعلقات کے مسائل تو نہیں ۔

MENSTURAL HX:

ماہواری کس عمر میں شروع ہوئی ۔ ہر مہینے صحیح وقت پر ماہواری آتی ہے ۔ ماہواری کم آتی ہے ۔ زیادہ آتی ہے یا نارمل

OBSTETRICHX

کتنے بچے ہیں ۔ کتنی بار حمل ٹھہرا ۔ کوئی بچہ ضائع ہوا ہے ۔ کتنے ماہ کا تھا جب ضائع ہوا بچے نارمل ہوئے یا آپریشن سے ۔ حمل کے دوران کوئی پیچیدگی ہوئی جیسے شوگر ، بلڈ پریشر کا بڑھ جانا ، بے ہوشی یا جھٹکے آنا ۔ (حمل روکنے کیلئے کوئی طریقہ استعمال کرتی ہیں (غلاف ، گولی ، ٹیکہ یا چھلہ) شوہر سے ملت وقت تکلیف ہوتی ہے ۔

PASTHX

اس سے پہلے ہسپتال میں داخل ہوئے ہیں یا کوئی آپریشن ہوا ہے ۔ چاول کے دانے والی گولی یا کوئی اور دوا لیتے ہیں ۔ دواؤں سے طبیعت میں بہتری آتی ہے ۔

DRUGHX

کسی دوا یا کسی چیز سے الرجی تو نہیں ۔ سگریٹ ، پان ، چھالیا ، شراب یا کوئی اور نشہ آور چیز استعمال کی ہے ، حفاظتی ٹیکے لگوائے تھے ۔

TRAVELHX

کبھی ملک یا شہر سے باہر جانا ہوا ہے ۔

FAMILYHX

ماں باپ حیات ہیں یا نہیں ۔ انتقال کیسے ہوا ۔ کیا وہ بیمار تھے ۔ آپ کے کتنے بہن بھائی ہیں ۔ کتنے بچے ہیں ۔ ماں باپ ، بہن بھائیوں یا بیوی بچوں میں کسی کو آپ جیسا مسئلہ یا کوئی اور بیماری تو نہیں ۔

SOCIOECONOMICSTATUS

آپ کے گھر کا خرچ کون چلاتا ہے ۔ وہ کیا کام کرتے ہیں ۔ گھر آپ کا ذاتی ہے یا کرایہ کا ۔ گھر میں کتنے کمرے ہیں اور اس میں کتنے افراد رہتے ہیں ۔ گزارا آسانی سے ہوجاتا ہے یا مشکل سے ۔

RA-JOINT RELATED QUESTIONS

جوڑوں میں درد کب سے ہے ۔ جسم کے کن کن چھوٹے یا بڑے جوڑوں میں درد ہے ۔ کس جوڑ سے درد شروع ہوا اور پھر باری باری کون سے جوڑ خراب ہوئے محسوس ہو ئے ۔جوڑوں میں درد کے ساتھ سوجن اور سردی بھی محسوس ہوتی ہے ۔ جوڑوں میں درد اور اکڑن صبح زیادہ ہوتی ہے یا شام میں ۔ آپ اپنا لباس بغیر کسی کی مدد کے تبدیل کرسکتے ہیں ۔ کیا خود سے سیڑھی چڑھ اور اتر سکتے ہیں ۔ کبھی جوٹ میں سوئی ڈال کے پانی یاپیپ لکالی گئی ہے ۔ چاول کے دانے والی گولی استعمال کرتے ہیں ۔ درد کیلیئے صرف گولی لیتے ہیں یا گوشت اور جوڑ میں انجکشن بھی لگواتے ہیں ۔ ایسا لگتا ہے کہ آنکھیں اور منہ ہر وقت خشک رہتے ہیں ۔ آنکھوں میں جلن ، چبھن یا خارش محسوس ہوتی ہے ۔ آنکھوں کو روشنی بری لگتی ہے ۔ کھانا کھاتے وقت لقما آسانی سے نگلنے کیلیئے پانی کی گھونٹ لینی پڑتی ہے رات کو سونے سے اُٹھ کر پانی پینے کا دل چاہتا ہے ۔ منہ خشک رہنے سے دانت خراب ہونے لگے ہیں ۔

CUSHING SYNDRAME (PK: 957)

آپ کو اپنی شکل و صورت میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے ۔ کیا تبدیلی آتی ہے ۔ چہرے پر داڑھی کی جگہ پر یا جسم کے دوسرے حصوں پر بال زیادہ ہوگئے ہیں ۔ چہرے پر چکناہٹ اور دانے محسوس ہوتے ہیں ۔ جلد پر معمولی چوٹ سے نیل پڑتی ہے ۔ پیٹ پر نیچے کی طرف جامنی دھاریاں پڑتی ہیں ۔ زخم جلدی بھرتے ہیں یا دیر سے ۔ کب نکلتی یاپیٹ بڑھتا محسوس ہوتا ہے ۔ سر کے بال تیزے سے گرتے ہیں ۔ کیا وزن پہلے سے بڑھ گیا ہے ۔ کیا آواز میں تبدیلی یا بھاری پن محسوس ہوتا ہے ۔ کیا آپ کے پاس اپنی کوئی پرانی تصویر موجود ہے شوگر ، بلڈ پریشر یا کولیسٹرول بڑھنے کی شکایت ہے ۔

CAUSE OF CUSHING

سر میں درد ۔ آنکھوں سے دھند لا یا دودو نظر آتا ہے ۔ کیا جلد کی رنگت پہلے سے خراب ہوگئی ہے ۔ جسم کے کسی حصے میں کینسر یا رسولی تو نہیں کیا چاول کے دانے والی گولی استعمال کرتی ہیں ۔

SYSTEMIC SCLEROSIN – CMDT 811

کیاجلد سخت اور کھچی ہوئی محسوس ہوتی ہے ۔ کیا ٹھنڈک سے انگلیوں کا رنگ سفید ، نیلا یا لال ہوجاتا ہے ۔ سینے میں جلن ، تیزابیت کا شکایت ہوتی ہے ۔ بد ہضمی یا کھانا نگلنے میں تکلیف کی شکایت ہے ۔ پیٹ میں مروڑ یا جلاب کی شکایت ہوتی ہے ۔ سانس کی تکلیف یا دم گھٹنے کا شکایت ہوتی ہے ۔ کبھی اچانک سے بلڈ پریشر بڑھا ہے یا اچانک سے پیشاب بند ہوجانے کی شکایت ہوئی ہے ۔ کیا ناخن کے پاس سے انگلیاں زخمی یا خراب ہوتی ہیں ۔

ACROMEGALY (PK: 954)

آپ کو اپنی شکل و صورت میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے کیا تبدیلی آئی ہے ۔ کیا ہاتھ پاؤں بڑے ہوگئے ہیں ۔ کیا دانتوں کے درمیان سراغ آرہے ہیں ۔ پرانی ٹوپی یا پرانا جوتا صحیح ناپ آتا ہے یا ٹائٹ ہوگیا ہے ۔ پرانی انگوٹھی یا پرانی چپل صھیح ناپ آتی ہے یا ٹائٹ ہوگئی ہے ۔ کیا وزن پہلے کی نسبت بڑھ گیا ہے ۔ آواز میں تبدیلی یا بھاری پن محسوس ہوتا ہے ۔ جلد پر کھر درا پن یا چکنا ہٹ محسوس ہوتی ہے ۔ جسم پر بال بڑھنے جارہے ہیں ۔ پسینہ زیادہ آتا ہے یا کم آپ کے پاس اپنی کوئی پرانی تصویر ہے ۔ کیا آپکو شوگر ، بلڈ پریشر یا کولیسٹرول بڑھنے کی شکایت ہوئی ہے ۔ کیا ناخن کے پاس سے انگلیاں زخمی یا خراب ہوتی ہیں ۔

ACROMEGALY (PK: 954)

آپ کو اپنی شکل و صورت میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے ۔ کیا تبدیلی آئی ہے کیا ہاتھ پاؤں بڑے ہوگئے ہیں ۔ کیا دانتوں کے درمیان سراغ آرہے ہیں ۔ پرانی ٹوپی یا پرانا جوتا صحیح ناپ آتا ہے یا ٹائٹ ہوگیا ہے پرانی انگوٹھی یا پرانی چپل صحیح ناپ آتی ہے یا ٹائٹ ہوگئی ہے کیا وزن پہلے کی نسبب بڑھ گیا ہے ۔ آواز میں تبدیلی یا بھاری پن محسوس ہوتا ہے ۔ جلد پر کھر درا پن یا چکناہٹ محسوس ہوتی ہے ۔ جسم پر بال بڑھتے جارہے ہیں ۔ پسینہ زیادہ آتا ہے یا کم آپ کے پاس اپنی کوئی پرانی تصویر ہے ۔ کیا آپکو شوگر ، بلڈ پریشر یا کولیسٹرول بڑھنے کی شکایت ہے ۔ پیاس زیادہ لگتی ہے یا کم ۔ پیشاب زیادہ آتا ہے یا کم گردن پر سامنے سوجن محسوس ہوتی ہے ۔ سردی اچھی لگتی ہے یا گرمی یا دونوں موسم صحیح لگتے ہیں۔ پسینہ زیادہ آتا ہے یا کم ۔ سینے سے دودھ کے قطرے گرتے ہیں ۔ کیا آپ کو کمزوری تھکاوٹ رہتی ہے ۔ بخار آتا ہے ۔ جسم کے چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد ہوتا ہے ۔ کمر میں تکلیف یا پٹھوں میں درد ہوتا ہے ۔ کنگھا

کرنے یا بیٹھ کے اٹھنے میں تکلیف ہوتی ہے ۔ کیا ہاتھ پیروں میں سوئیاں چھبنے ، سنسنا ہٹ ہونے یا سن ہونے کی شکایت ہے ۔

دماغ میں کوئی رسولی تو نہں ۔ سر میں درد یا آنکھوں سے دھندلا یا دور و نظر آنے کی شکایت ہے ۔ کبھی جھٹکے آئے ہیں یا فالج کا اثر ہوا ہے ۔ مایوسی یا ذہنی دباؤ کی کیفیت رہتی ہے یا داشت کمزور ہوگئی ہے ۔ ڈپریشن کھانسی بلغم ، سینے میں درد یا سانس کی تکلیف کی شکایت ہے کبھی دل کی تکلیف ہوئی ہے ۔ پیٹ میں کہیں درد ہوتا ہے ۔ سینے میں جلن ، تیزابیت یا بد ہضمی کی شکایت ہوتی ہے ۔ قبض یا جلاب لگتے ہیں ۔ پیشاب زیادہ آتا ہے یا کم ۔ پیشاب میں جھاگ آتے ہیں ۔ پیروں ، پیٹ ، چہرے یا آنکھوں کے ارد گرد سوجن آتی ہے ۔ بیوی / شوہر سے ملنے کا دل چاہتا ہے ۔ ازدواجی زندگی کے مسائل تو نہیں ۔ ماہوری صحیح وقت پر آتی ہے ۔ کم آتی ہے ۔ یا زیادہ ۔ کتنے بچے ہیں کتنی بار حمل ٹہرا ۔

HYPERTHYROIDISMPK:965

کیا آپ کو اپنی شکل صورت میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے ۔ کیا تبدیلی آئی ہے ۔ کیا آنکھیں سوجی ہوئی یا باہر کی طرف نکلی ہوئی محسوس ہوتی ہیں ۔ آنکھیں بند کرنے میں مشکل ہوتی ہے ۔ آنکھوں میں سر خی ، جلن ، چبھن محسوس ہوتی ہے ۔ آنکھوں سے دھندلا یا دو دو نظر آنے شکایت ہے ۔ کبھ اچانک سے آنکھوں کی بینائی جاکر واپس آئی ہے ۔ گردن پر سانس کی نالی کے سامنے سوجن یا گٹلیاں محسوس ہوتی ہیں ۔ کھانا نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے ۔ آواز میں تبدیلی یا بھاری پن محسوس ہوتا ہے ۔ ہاتھ ہلتے یا کپکپانے ہیں ۔ بھوک زیادہ لگتی ہے یا کم ۔ وزن زیادہ ہوگیا ہے یا کم ۔ سردی اچھی لگتی ہے یا گرمی ۔ پسینہ زیادہ آتا ہے یا جلد خشک رہتی ہے ۔ جلاب رہتے ہیں قبض ۔ ماہورای زیادہ آتی ہے یا کم دل کی دھڑکن تیز رہتی ہے یا کم ہوجاتی ہے ۔ گھبراہٹ رہتی ہے ۔ طبیعت بے قابو ہوتی ہے ۔ روزمرہ کے کام جلدی جلدی نمٹاتے ہیں کیا آرام آرام سے ۔ ذہنی دباؤ یا افسردگی کی کیفیت محسوس ہوتی ہے ۔ کیا ناخن جلدی ٹوٹ جاتے ہیں ۔ انگلیوں پر ناخن کے پاس سوجن محسوس ہوتی ہے ۔ کیا ٹانگوں پر سوجن محسوس ہتی ہے ۔ کنگھا کرنے یا بیٹھ کر اٹھنے میں تکلیف تو نہیں ہوتی ہاتھ پیروں میں سوئیاں چبھتی ہیں ۔ کیا بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے ۔ سینے میں درد ۔ سانس کی تکلیف ہوتی ہے ۔ کبھی دل کا دورہ یا فالج ہوا ہے ۔ سر میں درد ۔ چکر یا جھٹکے آنے کی شکایت ہوئی ہے

- مایوسی / ذہنی دباؤ محسوس ہوتا ہے - پیشاب میں جھاگ آتے ہیں - دھوپ میں نکلنے سے چہرے پر سرخی اور جلن ہوتی ہے - منہ میں چھالے یا جسم کے چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد کی شکایت تو نہیں - کبھی پیلیا ہوا ہے -

شوہر / بیوی سے ملنے کا دل چاہتا ہے - ازدواجی زندگی کے مسائل تو نہیں -کتنے بچے ہیں - کتنے بچے ضائع ہوئے - حمل کے دوران کوئی پیچیدگی تو نہیں ہوئی - آپکی بیماری کا آپ کے بچوںپر کوئی اثر سامنے آیا ہے - گلٹ کی بیماری حمل کے بعد تو نہیں شروع ہوئی - آپکی اس بیماری کی وجہ سے کبھی آپکی حالت بہت زیادہ خراب ہوئی ہے اور آپ کو علاج کے لئے ہسپتال میں داخل رہنے کی ضروری پڑی ہے -

آپ کیا دوا لیتے ہیں -

دن میں کتنی بار - دوا کا کوئی سائٹ ایفٹ یا دوا سے کوئی الرجی تو نہیں اس دوا کے علاوہ کوئی اور دوا لیتے ہیں - گولی کے علاوہ آپ کی بیماری کا علاج شعاعوں سے یا آپریشن سے کیا گیا ہے - کبھی غدود / گلٹ کا سوئی سے بائیوپسی ٹیسٹ لیا گیا ہے - کھانے میں سادہ نمک استعمال کرتے ہیں یا آیو ڈین ملا-

HYPOTHYROIDISM (PK: 962)

کیا آپ کو اپنی شکل و صورت میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے- کیا تبدیلی ہے- کیا جلد کی اور بالوں کی ساخت میں تبدیلی آئی ہے- کیا آنکھیں سوجی ہوئی لگتی ہیں- کیا جلد کھردری ور خراب ہوگئی ہے- بال خشک اور الجھے ہو ئے رہتے ہیں- سنائی صحیح دیتا ہے یا کم-

ADDISON'S (PK: 986)

کیا آپ کو اپنی شکل و صورت میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے- کیا تبدیلی آئی ہے- کیا جلد کی رنگت پہلے سے خراب ہوگئی ہے- زبان پر کالے دھبے پڑتے ہیں- ہاتھ کی لکیریں کالی ہوتی جارہی ہیں- جلد پر سفید دھبے پڑتے ہیں- جسم پر بال کم ہوتے جا رہے ہیں- وزن پہلے سے کم ہو گیا ہے یا زیادہ- کیا آپ کو کمزوری تھکاوٹ رہتی ہے- بخار آتا ہے- بیٹھ کر اٹھتے وقت چکر آتے ہیں- بلڈ پریشر کم رہتا ہے یا زیادہ- کیا افسردگی یا مایوسی کی کیفیت رہتی ہے- سینے میں درد یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے- پیٹ میں درد ہوتا ہے- قبض یا جلاب ہوتے ہیں-الٹی یا ابکائی محسوس ہوتی ہے- پیشاب زیادہ آتا ہے یا کم- پیاس زیادہ لگتی ہے یا کم- دھوپ میں چہرے پر سرخی یا جلن محسوس ہوتی ہے- منہ میں چھالے آتے ہیں- کبھی پیلیا ہوا ہے- جسم کے چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد ہوتا ہے- کمر میں یا پٹھوں میں درد ہوتا

ہے۔ شوہر/ بیوی سے ملنے کا دل چاہتا ہے۔ ماہواری صحیح آتی ہے۔ کتنے بچے ہیں۔ کتنے بچے ضائع ہوئے۔ آپ کی اس بیماری کی وجہ سے کبھی آپ کی حالت بہت زیادہ خراب ہوئی ہے کہ آپ کو ہسپتال میں داخل کروانا پڑا ہو۔ کیا دوا لیتے ہیں۔ کیا چاول کے دانے والی گولی کھاتے ہیں۔ کتنی گولیاں کس وقت کھاتے ہیں۔ خاندان میں کسی کو ایسی بیماری تو نہیں۔

CAUSE OF ADDISONS (PK: 986)

آپ کو یا گھر میں کسی کو ٹی بی ہے۔ گردن توڑ بخار ہوا تھا۔ جسم کے کسی حصے میں رسولی تو نہیں تھی جس کا آپریشن کیا گیا ہو۔ پیاس زیادہ لگتی ہے۔ پیشاب زیادہ آتا ہے۔ قبض ہوتا ہے۔ گردے میں پتھری کی شکایت ہوئی ہے۔ پیشاب میں تکلیف یا جلن کی شکایت ہوتی ہے۔ جوڑوں اور ہڈیوں میں درد ہوتا ہے۔ کبھی ہڈی ٹوٹی یا فریکچر ہوئی ہے۔ معدے میں جلن یا تیزابیت ہوتی ہے۔ سوجن کب سے ہے۔ کہاں تک ہے۔ کیسے شروع ہوئی۔ کیا سوجن سے پہلے ٹانگ پر چوٹ لگی تھی۔ کوئی زخم یا انفیکشن ہوا تھا۔ کیا سوجن سے پہلے کسی وجہ سے زیادہ وقت بستر پر رہے تھے جیسے کوئی آپریشن ہوا تھا۔ ہڈی ٹوٹی تھی یا بہت بیمار تھے کہ چل پھر نہیں سکتے تھے۔ ٹانگ میں درد یا سرخائی محسوس ہوتی ہے۔ بخار آتا ہے۔ ٹانگ پر نسوں کے گچھے بنتے ہیں۔ انگلیوں یا انگلیوں کے بیچ میں زخم، چھالے یا السر بنتے ہیں۔ آپ کو یا ملنے جلنے والوں میں کسی کو ٹی بی تو نہیں۔ پیٹ میں یا پیٹ اور رانوں کے بیچ میں سوجن یا گٹلیاں محسوس ہوتی ہیں۔ پیٹ میں یا جسم کے کسی اور حصے میں رسولی تو نہیں۔ سینے میں درد یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ حمل روکنے کیلئے کون سا طریقہ استعمال کرتی۔ آخری حمل کب ہوا۔

VASCULITIS

کیا سر میں شدید درد ہوتا ہے۔ کنگھا کرنے سے دُکھتا ہے۔ باتیں کرتے ہوئے یا کھانا چباتے ہوئے جبڑوں میں درد ہوتا ہے۔ کبھی بغیر کسی درد کے اچانک سے بینائی گئی ہے۔ کیا گردن، کندھوں اور کمر میں درد رہتا ہے۔ خاص طور سے صبح کے وقت میں۔ کیا رات کو پسینے آتے ہیں۔ کیا بخار کمزوری تھکن رہتی ہے۔ کیا وزن میں کمی آئی ہے۔

POLY ARTERCTIS NODOSA (PAN): 543

کیا آپ کو بخار۔ کمزوری۔ تھکن اور وزن میں کمی کی شکایت ہے۔ ہاتھ پاؤں سن ہونے یا ان میں درد ہونے کی شکایت ہے۔ پیٹ میں درد یا پاخانے میں خون آنے کی شکایت ہے۔ پیشاب میں خون یا جھاگ آتے ہیں۔ کیا بلڈ پریشر

زیادہ رہتا ہے۔ سینے میں درد اور سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ کیا پیروں میں سوجن آتی ہے۔ جلد پر نشان، زخم، نیل یا دانے آتے ہیں۔

LEGULCER

یہ زخم آپ کو کب سے ہے اور کہاں ہے۔ کیسے شروع ہوا۔ کیا چوٹ لگی تھی۔ زخم کا کیا علاج کروایا۔ علاج سے فائدہ ہوا یا نہیں۔ کیا آپ کو شوگر، بلڈ پریشر یا کولیسٹرول زیادہ ہونے کی بیماری ہے۔ سگریٹ پیتے ہیں۔

NEUROPATHICULCER

کیا ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہیں چلنے میں پیروں سے چپل، نکلتی ہے۔

VENOUSULCER

کیا ٹانگوں پر نسوں کے گچھے بنتے ہیں۔ یہ گچھے پاؤں لٹکا کر بیٹھنے یا کھڑے ہونے سے بڑھ جاتے ہیں اور ٹانگ اوپر کر کے بیٹھنے سے کم ہو جاتے ہیں۔

ASTERIALULCER

کیا چلنے سے ٹانگوں میں درد ہوتا ہے۔ کتنے قدم چلنے کے بعد رکنا پڑتا ہے۔ آرام کرنے سے درد کم ہو جاتا ہے یا نہیں۔ کیا ٹھنڈک سے یا پانی میں کام کرنے سے انگلیاں سفید، نیلی یا لال ہوجاتی ہیں۔ کیا دھوپ میں نکلنے سے چہرے پر جلن ہوتی ہے۔ جلد پر خارش یا نشان پڑنے، منہ میں چھالے ہونے یا چھوٹے بڑے جوڑوں میں تکلیف کی شکایت ہے۔ دل میں کسی پیدائشی نقص، یا وال کی خرابی کی شکایت تو نہیں۔ کیا آپ کو چھوٹی یا بڑی شریانوں کی کوئی بیماری ہے۔ خون جمنے کی بیماری تو نہیں۔ گھر میں یا ملنے جلنے والوں میں کسی کو ٹی بی تو نہیں۔ سینے میں درد، کھانسی، بلغم یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ بلغم میں خون آتا ہے۔ سینے کا درد چلنے سے بڑھتا ہے۔ پیشاب میں جھاگ اور خون آتا ہے۔ سر میں درد یا فالج کی شکایت ہوئی ہے۔ آنکھوں سے دھندلا یا دو دو نظر آنے کی شکایت ہے۔ کبھی اچانک بینائی گئی ہے ۔کھانا چبانے میں جبڑوں میں درد ہوتا ہے۔

HX TAKING (IN GENERAL)

اسلامُ علیکم۔ میرا نام ڈاکٹر عفت ہے۔ میں آپ سے آپ کی بیماری کے بارے میں کچھ سوالات پوچھنا چاہتی ہوں اور آپ کا معائنہ کروں گی تاکہ آپ کے مرض کی تشخیص اور علاج ہو سکے۔ (جی)۔ شکریہ۔

آپ کا نام کیا ہے۔ (رضیہ / رضوان)۔ عمر کیا ہے۔ رہتے کہاں ہیں۔ کرتے کیا ہیں۔ شادی شدہ ہیں۔ دس مذہب سے تعلق ہے؟ آپ کو شوگر، بلڈ پریشر، جگر یا گردے کی تکلیف ہے۔ کبھی ٹی بی یا پیلیا ہو اہے۔ آپ ابھی کس تکلیف سے ہسپتال آئے ہیں۔ آپ نے جو مجھے بتایا ہے وہ یہ ہے کہ آپ کو چھ مہینے ہے بخار ہے۔ 2 مہینے سے پیلیا ہے اور اب 1 ماہ سے پیٹ میں سوجن آگئی ہے۔اس بیماری کی وجہ سے آپکی اپنے گھر میں یا گھر سے باہر کام کرنے کی صلاحیت میں کسی حد تک کمی آئی ہے۔

CMDT: CCF: 386, RDH: 405, IE: 1387

آپ کو دل کی تکلیف کب سے ہے اور کس عمر سے شروع ہوئی۔ دل میں کوئی پیدائشی نقص، سراخ یا وال کی خرابی تو نہیں۔ دل کی چھوٹی یا بڑی شریانوں کا کوئی مسئلہ تو نہیں۔ شوگر یا بلڈ پریشر بڑھ جانے کی شکایت تو نہیں۔ کبھی دل کا آپریشن ہوا ہے۔ کبھی نشے کیلئے ٹیکے لگائے ہیں۔ دل کی پٹی یا دل کا ایکھو یا ٹی وی ٹیسٹ کروایا ہے۔ خون میں کسی خاص جراثیم کو دیکھنے کیلئے خون کا کلچر ٹیسٹ ہوا ہے۔ آپ کو سانس کی تکلیف کب سے ہے۔ سانس کی تکلیف سے پہلے بخار یا گلے کی خرابی کی شکایت ہوئی تھی۔ سانس کی تکلیف کیسے شروع ہوئی۔ اچانک سے یا بڑھتے بڑھتے بڑھ گئی۔ سانس کی تکلیف کتنے قدم چلنے پر ہوتی ہے۔ باتھ روم آرام سے خود چلے جاتے ہیں۔ روز مرہ کے کام کاج کر لیتے ہیں۔ سیڑھیاں چڑھ سکتے ہیں۔ رات کو سوتے وقت کتنے تکیئے لگاتے ہیں۔ سانس کی تکلیف سے رات کو سونے میں آنکھ کھلتی ہے۔ سانس کی تکلیف لیٹے رہنے سے بہتر ہوتی ہے یا بیٹھ جانے پر آرام آتا ہے۔ سانس کی تکلیف کے ساتھ انگلیاں ناخن یا ہونٹ نیلے پڑ جاتے ہیں۔ سانس کی تکلیف کے ساتھ کھانسی ہوتی ہے۔ کھانسی میں بلغم آتا ہے یا خشک کھانسی ہوتی ہے۔ بلغم کتنی مقدار میں آتا ہے اور کس رنگ کا ہوتا ہے۔ بلغم میں خون آنے کی شکایت ہوئی ہے۔ سینے میں درد ہوتا ہے۔ درد الٹے ہاتھ یا جبڑے کی طرف جاتا ہے۔ درد کتنی دیر رہتا ہے۔ درد کے ساتھ پسینہ آتا ہے یا نہیں۔ آرام کرنے سے یا زبان کے نیچے گولی رکھنے سے درد میں کمی آتی ہے یا نہیں درد کسی وجہ سے بڑھتا ہے۔ مثلاً زیادہ چلنے پھرنے سے کام کرنے سے یا ذہنی دباؤ کی وجہ سے۔ بخار کب سے ہے۔ کیسے

شروع ہوا۔ مستقل رہتا ہے یا چھوڑتا بکڑتا ہے۔ بخار تھرما میٹر پر چیک کرتے ہیں یا صرف خود کو اندر سے محسوس ہوتا ہے۔ بخار کے لیے گولیں لیتے ہیں یا ٹیکے لگواتے ہیں۔ کبھی دل کی دھڑکن کم یا زیادہ یا بے ترتیب محسوس ہوتی ہے۔ کبھی اچانک سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آنے یا چکر آجانے کی شکایت ہوئی ہے۔ کبھی ایسا ہوا ہے کہ اچانک چکرا کے گرنے کی وجہ سے آپ کو چوٹ آئی ہو۔ کیا پیروں، پیٹ یا چہرے پر سوجن آتی ہے۔ کیا پیٹ میں سیدھی طرف پسلیوں کے نیچے درد محسوس ہوتا ہے۔ کیا بھوک میں کمی یا متلی کی شکایت رہتی ہے۔ رات کو کتنی بار سوتے سے اٹھ کر پیشاب کرنے جاتے ہیں۔ پیشاب میں جھاگ آتے ہیں۔ کیا پیشاب آورگولیاں استعمال کرتے ہیں۔ وزن پہلے سے بڑھ گیا ہے یا کم ہوگیا ہے۔ جلد پر دھبے، نشان یا نیل پڑ ھتے ہیں۔ جلد پر کبھی گٹلیاں بنتی ہیں۔ گٹلیاں کہاں ہوتی ہیں۔ کیسی ہوتی ہے۔ خود ہی ختم ہوجاتی ہیں یا دوبارہ واپس آتی ہیں۔ گٹلیوں میں تکلیف ہوتی ہے یا نہیں۔ کبھی زبان، چہرہ یا ہاتھ خود بخود ہلنے لگتے ہیں۔ کبھی جھٹکوں، بے ہوشی یا فالج کی شکایت ہوئی ہے۔ کبھی ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں کے پوروں میں زخم یا السر بنے ہیں۔ جوڑوں میں تکلیف ہوتی ہے۔ ایسا ہوتا ہے کہ کسی ایک جوڑ میں درد ہوا اور وہ توٹھیک ہو گیا مگر پھر کسی دوسرے جوڑ میں درد شروع ہو گیا۔ درد کیساتھ جوڑوں میں سرخی یا سوجن ہوتی ہے۔ جوڑوں کے درد کیلئے ڈسپرین کی گولیاں استعمال کی ہیں۔ کتنی اور کیسے۔ چاول کے دانے والی ڈیٹا کورٹل کی گولی استعمال کی ہیں۔ کبھی کسی نے آپ کو ایک خاص عمر تک ہر مہینے گوشت میں پینیسیلین کا انجیکشن لگوانے کیلئے کہا ہے۔ کبھی خون پتلا کرنے کیلئے وارفارین یا ماریوین کی گولی استعمال کی ہے۔ گولی کھاتے ہوئے جسم کے کسی بھی حصہ مثلاً منہ سے، مسوڑوں سے یا ناک سے خون آنے کی شکایت ہوئی ہے۔ وارفین کھاتے ہوئے پی ٹی ٹیسٹ کرواتے رہے ہیں۔ مہینے میں کتنی بار؟ شادی شدہ ہیں۔ کتنے بچے ہیں۔ حمل کے دوران کوئی پیچیدگی ہوئی تھی۔ کیا حمل روکنے کیلئے کوئی طریقہ استعمال کرتی ہیں۔

COUNCELLING PT ON WARFARIN

اسلامُ علیکم میرا نام ڈاکٹر ________ ہے۔ آپ کا نام ________؟ ہم نے آپ کے مرض کے علاج کیلئے ایک خاص گولی وارفارین 5 ایم جی تجویز کی ہے۔ یہ گولی آپ کے خون کو پتلا رکھے گی۔ جو کہ آپ کو آپکی بیماری کی پیچیدگیوں مثلاً فالج سے بچائے گی تاہم اس گولی ک صحیح استعمال بے انتہا ضروری ہے۔ وارفارین کی گولی کے استعمال کے حوالے سے آپ کم از کم ان 6 ہدایات پر ضرور عمل کیجیئے گا۔ پہلے مہینے ہر ہفتے پی ٹی/آئی این

آر کا خون ٹیسٹ کروائیں اور اس کے بعد ہر ماہ ایک بار پی ٹی کا خون ٹیسٹ کرائیں۔ آئی این آر 2 سے 3 یا 3.5 تک رہے تو اچھا ہے مگر اس سے زیادہ ہوجائے تو فوراً اپنے ڈاکٹر سے مشورہ لیں۔ جسم پر معمولی چوٹ سے یا خودبخود نیلے دھبے آنے لگیں یا جسم کے کسی حصے سے جیسے ناک، منہ یا مسوڑوں سے خون آئے تو عین ممکن ہے کہ آپ کا خون زیادہ پتلا ہو رہا ہے۔ پی ٹی/ آئی این آر کا خون ٹیسٹ کرائیں اور ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ شدید سردرد، چکر، بے ہوشی یا جسم کے کسی حصے میں کمزوری یا فالج کی شکایت پر فوری اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ وارفارین کے ساتھ اگر کوئی اور دوا شروع کریں تو ڈاکٹر کو یہ ضرور بتائیں کہ آپ وارفارین لیتے ہیں۔ کیونکہ وارفارین دوسری دوائوں کے ساتھ لی جائے تو دواؤں کا اثر کم یا زیادہ ہو سکتا ہے۔ فوڈ انٹرایکشن۔ اگر اوپریشن یا چیرا لگوانے کی ضرورت ہو یا دانتوں کی تکلیف سے ڈینٹسٹ کے پاس جائیں تو ڈاکٹر کو ضرور بتا دیں کہ آپ وارفارین لیتے ہیں۔ وارفارین استعمال کرتے ہوئے آپ کو حمل روکنے کے طریقے بھی استعمال کرنے ہوں گے جیسے علاف کا استعمال۔ وارفارین بچے میں پیدائشی نقص پیدا کر سکتی ہے۔ اگر حمل کی خواہش ہو تو اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ چہرے پر برف لگائیں یا فرج کے پانی سے منہ دھوئیں؟ بڑا سانس اندر لے کر باہر نکال کررک جائیں اور پھر ناک بند کرکے پیٹ پر دباؤ ڈالیں۔ بیٹھ کر اٹھنے میں چکر آتے ہیں۔ دل کی دھڑکن اچانک تیز یا خراب ہوتی ہے۔ بلڈ پریشر کم زیادہ آتا ہے۔ پیشاب، پاخانہ کا کنٹرول ٹھیک ہے یا کمزور ہو گیا ہے۔ ازدواجی تعلقات کے مسائل تو نہیں۔ بدہضمی، الٹی، قبضیا جلاب کی شکایت ہوتی ہے۔ نظر میں دھندلا پن یا کمزوری محسوس ہوتی ہے۔

DIABETES COMPLICATIONS

شوگر کی بیماری کب سے ہے اور کس عمر میں ہوئی۔ شوگر کی بیماری کا آپ کو کیسے پتہ لگا۔ خون ٹیسٹ کروایا تھا۔ شوگر کے لئے آپ کیا دوا لیتی ہیں گولی یا ٹیکے کون سی گولی کتنی لیتی ہیں۔ کون سی انسولین (دودھ/ پانی والی) کتنی لگاتی ہیں۔ انسولین کہاں لگاتی ہیں۔ جہاں ٹیکا لگتا ہے وہاں کوئی نشان یا گٹلی تو نہیں۔ گھر میں شوگر چیک کرنے والا آلہ ہے۔ شوگر کتنے دن کے وقفے سے چیک کرتی ہیں۔ دوائیں باقاعدگی سے لیتی ہیں یا ناغہ ہوجاتی ہے۔ روزانہ چہل قدمی/ ورزش ۔ میٹھے سے پرہیز کرتی ہیں یا بد پرہیزی ہو جاتی ہے/ کرتی ہیں۔ وزن کم کرنے کی کوششیں دواؤں سے شوگر کنٹرول میں رہتی ہے یا کبھی زیادہ، کبھی کم ہوجاتی ہے۔ کبھی چکر آنے یا بے ہوشی کی کیفیت کوئی بھی میٹھی جیز کھانے سے فوراً ٹھیک ہو جاتی ہے۔ شوگر کے علاوہ ہائی بلڈ پریشر، دل کی یا فالج کی تکلیف ہوئی

ہے۔ شوگر کم یا زیادہ ہونے کی وجہ سے کبھی ہسپتال میں داخل ہوا ہے۔ کبھی گردہ واش کرانے یا ڈائیلیسس کی ضرورت پڑی ہے۔ پیاس زیادہ لگتی ہے۔پیشاب زیادہ آتا ہے۔ بھوک بار بار لگتی ہے۔کیا انکھوں سے دھندلایا دو دو نظر آتا ہے۔ کیا سینے میں درد یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ کیا پیشاب میں خون یا جھاگ آنے یا جلن ہونے کی شکایت ہے۔ رات میں کتنی بار پیشاب کرتی ہیں۔کیا پیشاب کی جگہ خارش ہوتی ہے۔کیا پیروں میں، پیٹ میں، چہرے پر یا آنکھوں کے ارد گرد سوجن آتی ہے۔ ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں میں زخم یا السر بنے ہیں۔ چوٹ لگنے پر زخم جلدی بھر جاتا ہے یا دیر سے۔ چلنے سے ٹانگوں میں تکلیف ہوتی ہے آرام کرنے سے تکلیف کم ہوجاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہیں۔ ان میں سنسناہٹ یا سوئیاں چبھتی ہیں۔ کیا جلد پر یا ٹانگوں پر دھبے یا نشان تو نہیں۔ کیا ران کا گوشت کم ہوتا یا سوکھتا جا رہا ہے۔ کیا چھوٹے یا بڑے جوڑوں میں تکلیف ہوتی ہے۔ کیا بیٹھ کر اٹھتے وقت چکر آتے ہیں۔ کیا بد ہضمی ، الٹی کی شکایت رہتی ہے۔ رات کو جلاب آتے ہیں۔کھانا کھاتے وقت پسینے آتے ہیں۔ کیا دل کی ڈھڑکن زیادہ، کم یا بے ترتیب ہوتی ہے۔ ازدوجی تعلقات کے مسائل تو نہیں۔

ADVICE TO DIABETIC FOOT: PK: 1028

آپ نے شوگر کو پوری طرح کنٹرول میں رکھنا ہے۔اس لیے میٹھے سے پرہیز کریں۔ دوائیں باقاعدگی سے لیں۔ شوگر چیک کرواتی ہیں۔ اپنے پیروں کا روزانہ معائنہ کرٰیں ۔ پیروں کی انگلیاں کھول کر دیکھا کریں۔ پاؤں روزانہ دھویں۔ تولیئے سے پوچیں اور صاف رکھیں۔ بند اور آرام دہ جوتا پہنیں۔ جوتا ٹائٹ نہ ہو۔ جوتا جھاڑ کر پہنا کریں۔ پیروں پر معمولی سا بھی زخم ہو تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ گرم پانی سے نہاتے وقت یہ ضرور چیک کر لیں کہ پانی بہت زیادہ گرم نہ ہو۔ ناخن دیکھ کر کاٹیں۔ گہرانہ کاٹیں۔ سیدھا کاٹیں۔ اگر آپ کی بینائی کمزور ہے تو ناخن کسی اور سے کٹوائیں۔

YOUNG HYPERTENSION PK: 777

ہائی بلڈ پریشر کی بیماری کب سے اور کس عمر سے ہے۔ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ آپ کو ہائی بلڈ پریشر کی بیماری ہے۔بلڈ پریشر کے لیے کونسی دوا کتنی لیتے ہیں۔ دواؤں سے بلڈ پریشر کنٹرول میں رہتا ہے یا نہیں۔ کھانے میں چکنائی اور نمک سے پرہیز کرتے ہیں۔ سگریٹ پیتے ہیں یا نہیں۔ روزانہ چہل قدمی یا ورزش کرتے ہیں۔ وزن کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گھر میں بلڈ پریشر چیک کرنے کا آلہ ہے۔ آلہ مرکری یا سوئی والا ہے یا گھڑی جیسا کلائی پر باندھنے والا ڈیجیٹل آلہ ہے۔ ڈیجیٹل آلے کی ریڈنگ کو دوسرے آلے سے بھی چیک کروایا ہے کہ وہ صحیح

ہے یا نہیں۔کبھی بی پی بہت زیادہ ہو جانے کی وجہ سے ہسپتال میں رکنے یا داخلے کی ضرورت پڑی ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ شوگر کی یا دل کی بیماری ہے۔ کبھی فالج ہوا ہے۔ کبھی سردرد کے ساتھ ناک سے خون بہا ہے۔سر میں درد، بے ہوشی غنودگی یا جھٹکے آنے کی شکایت ہوئی ہے۔ کبھی اچانک آنکھوں کی بینائی ختم ہوکر واپس آئی ہے۔ آنکھوں سے دھندلا نظر آنے کی شکایت ہے۔ سینے میں درد یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ رات کو سوتے میں سانس کی تکلیف سے آنکھ کھلتی ہے۔کتنے تکیئے لگا کر سوتے ہیں۔کبھی کسی ڈاکٹر نے آپ کو بتایا ہے کہ آپ کے گردے چھوٹے یا بڑے ہوگئے ہیں۔ پیشاب میں جھاگ یا خون آتا ہے۔ پیروں میں، پیٹ میں، چہرے پر یا آنکھوں کے ار گرد سوجن آتی ہے۔ کبھی اچانک پیشاب بند ہوا ہے۔ کبھی گردہ واش کرانے یا ڈیلاسس کی ضرورت پڑی ہے۔ چلتے ہیں تو ٹانگوں میں تکلیف ہوتی ہے۔ ٹانگوں کی تکلیف آرام کرنے سے بہتر ہوتی ہے یا نہیں۔ ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں میں السر بنے ہیں۔ ٹھنڈک سے یا پانی میں ہاتھ ڈالنے سے انگلیوں میں تکلیف ہونے یا انگلیوں کا رنگ بدلنے کی شکایت ہوتی ہے۔ کیا آپ کا وزن بڑھ گیا ہے۔ کیا آپ کی شکل و صورت، آواز، جلد اور بالوں میں تبدیلی آئی ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہونے کے ساتھ پسینے چھوٹ جاتے ہیں۔آپ کو خون گاڑھا ہونے کی بیماری تو نہیں۔دھوپ میں نکلنے سے چہرے پر خارش یا نشان برتے ہیں۔ بال گرنے۔ منہ میں چھالے ہونے یا جوڑوں میں درد کی شکایت ہے۔ کیا حمل کے دوران بلڈ پریشر بڑھ جانے یا جھٹکے آنے کی شکایت ہوئی ہے۔ کوئی نشہ آور چیز جیسے سگریٹ شراب یا کوکین استعمال کرتے ہیں۔ حمل روکنے کیلئے گولیاں استعمال کرتی ہیں۔ خون بنانے کیلئے انجیکشن استعمال کرتے ہیں۔ جوڑوں کے درد کی یا نزلے کی دوا استعمال کرتے ہیں۔

CCF(PRESENTING&PEDAL EDEMA/SOB)

آپ کو پیروں میں سوجن کب سے ہے۔ سوجن کہاں تک ہے۔ کیا پیٹ میں، چہرے پر یا آنکھوں کے ارد گرد بھی سوجن آتی ہے۔ سوجن سب سے پہلے کہاں آئی۔ سوجن کے ساتھ سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ سوجن سے پہلے آپکو بخار آیا تھا۔وزن کم ہو گیا ہے یا زیادہ۔ سینے میں درد، کھانسی، بلغم کی شکایت ہے۔ بلغم میں کبھی خون آیا ہے۔ سینے کا درد کس طرف جاتا ہے۔(بازو/ جبڑا)۔ درد چلنے پھرنے سے بڑھتا اور آرام کرنے سے کم ہوتا ہے یا نہیں۔ رات کو سوتے وقت کتنے تکیئے لگاتے ہیں۔ سینے کا درد اور سانس کی تکلیف لیٹنے سے بہتر ہوتا ہے یا بیٹھنے سے چلنے پھرنے

یا روز مرّہ کے کام کرنے سے سانس کی تکلیف یا دل کی دھڑکن بڑھنے کی شکایت ہوتی ہے۔ کتنے قدم چلنے پر سانس پھولتا ہے۔ باتھ روم جاسکتے ہیں۔ سیڑھیاں چڑھ سکتے ہیں۔ کیا آپ پیشاب آور دوائیں لیتے ہیں۔ سانس کی تکلیف کے ساتھ ناک، ہونٹ یا ناخن نیلے تو نہیں پڑ جاتے۔ خون کی کمی یا کمزوری، تھکاوٹ رہتی ہے۔دل کی شریان بند ہونے۔ دل کے وال خراب ہونے یا دل میں کسی پیدائشی نقص کی شکایت ہے۔ دل کی دھڑکن کم، زیادہ یا بے ترتیب ہونے کی شکایت ہے۔ آپکو شوگر، بلڈ پریشر یا کولسٹرول زیادہ ہو جانے کی شکایت ہے۔ کبھی فالج یا جھٹکوں کی شکایت ہوئی ہے۔ کبھی بے ہوشی، غنودگی کی کیفیت تو طاری نہیں ہوئی۔ جگر کی بیماری الٹی یا پیلیئے کی شکایت تو نہیں۔پیلے بدبودار، چکنائی والے پاخانے آتے ہیں جنہیں بہانا مشکل ہو۔ آنتوں کی کوئی بیماری یا ٹی بی تو نہیں۔ جسم پر نشان، دھبے یا نیل پڑتے ہیں۔ گردے کی کوئی بیماری یا پیشاب میں خون یا جھاگ آنے کی شکایت ہے۔ آپ کی شکل و صورت اور آواز میں تبدیلی آئی ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہونے کے ساتھ پسینہ پسینہ ہو جاتے ہیں۔ دھوپ میں چہرے پر جلن، منہ میں چھالے یا جوڑوں میں تکلیف ہوتی ہے۔ سانس کی تکلیف زچگی کے دوران یا زچگی کے بعد تو نہیں ہوئی تھی۔

LIFESTYLE/DIETANYHABBITS – CCF

نمک اور چکنائی سے گریز کرتے ہیں۔ چہل قدمی یا ورزش کرتے ہیں۔ سگریٹ، شراب یا کوکین وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔

NAPHROTICSYNDROME

سوجن کب سے ہے۔ سوجن کہاں کہاں پر ہے۔ سوجن پیروں، پیٹ، چہرے اور آنکھوں کے ارد گرد آتی ہے۔ سوجن پہلے پیروں پر آئی، پیٹ پر یا چہرے پر۔ چہرے اور آنکھوں کے اردگرد سوجن صبح میں زیادہ ہوتی ہے یا شام میں۔ سانس کی تکلیف کب سے ہے۔ سانس کی تکلیف پہلے آئی تھی یا سوجن پہلے شروع ہوئی ہے۔ سانس کی تکلیف کتنے قدم چلنے پر ہوتی ہے۔ باتھ روم آرام سے چلے جاتے ہیں۔ روزمرہ کے کام کر لیتے ہیں۔ سیڑھیاں چڑھ لیتے ہیں۔ سانس کی تکلیف کی وجہ سے رات میں سوتے سے آنکھ کھلتی ہے۔ رات کو وتے وقت کتنے تکیئے لگاتے ہیں۔ سانس کی تکلیف لیٹنے سے بہتر ہوتی ہے یا بیٹھنے سے سانس کی تکلیف کے ساتھ انگلیاں ناخن اور ہونٹ نیلے پڑتے ہیں۔ سینے میں درد ہوتا ہے۔ درد کس طرف جاتا ہے۔ کیا درد چلنے پھرنے سے بڑھتاہے۔ کیا درد کھانا کھانے سے بڑھتا ہے

سینے کادرد لیٹنے سے بہتر ہوتا ہے یا بیٹھنے سے۔ وزن پہلے کی نسبت کتنا بڑھ گیا ہے۔ کیا آپ پیشاب آور دوائیں استعمال کرتے ہیں۔ آپ کو شوگر، بلڈ پریشر یا کولسٹرول زیادہ ہونے کی شکایت ہے۔ گردے کی خرابی، پیشاب میں جھاگ یا خون آنے کی شکایت ہے۔ دل کی شریانن بند ہونے، وال خراب ہونے یا دل کے پیدائشی نقص کی شکایت ہے پیلے بدبودار چکنائی والے پاخانے آتے ہیں جنھیں بہانا مشکل ہو۔ جگر یا آنتوں کی کوئی پرانی بیماری ہے۔ کبھی ٹی بی یا پیلیا تو نہیں ہوا۔ گھر میں یا ملنے جلنے والوں میں کسی کو ٹی بی تو نہیں۔کیا آپ کو شوگر بلڈ پریشر، کولیسٹرول بڑھنے کی شکایت ہے۔ کیا سوجن سے پہلے بخار گلے میں درد، کھانسی یا جلاب آئے تھے۔کوئی دوا لیتے ہیں۔ حکیمی، ہو میو پیتھک، ایلو پیتھک۔ کبھی کالا پیلیا ہوا ہے۔ کوئی جنسی بیماری تونہیں۔ کیا دھوپ میں چہرے پر جلن اور نشان آتے ہین۔ جلد پر دھبوں، منہ میں چھالوں یا جوڑوں میں درد کی شکایت ہے۔ چلنے سے پیروں میں درد ہوتا۔ کتنے قدم چلنے کے بعد رکنا پڑتا ہے۔ آرام کرنے سے درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ انگلیوں پر زخم یا السر بنتے ہیں۔ ٹھنڈک سے یا پانی میں ہاتھ ڈالنے سے انگلیوں کا رنگ تبدیل ہوتا ہے۔ جسم کے کسی حصے جسے گردن، بغلوں یارانوں پر گٹلیاں محسوس ہوتی ہیں۔ جگر یا تلی بڑھنے کی شکایت تو نہین۔ آپ کو یا آپ کے ملنے والوں میں سے کسی کو ٹی بی تونہیں۔ آپ کو ہڈیوں کی بیماری یا ہڈیوں میں زخم ہوتے ہیں۔ بھوک میں کمی، متلی، ابکائی، یا الٹی کی شکایت ہوتی ہے۔ ہچکیاں آتی ہیں۔ کمزوری تھکاوٹ کی شکایت رہتی ہے۔ پیشاب میں خون، پیپ یا جھاگ آنے کی شکایت تو نہیں۔ پیشاب زیادہ آتا ہے یا کم آتا ہے یا نارمل۔ پیشاب رک رک کے آتا ہے۔ چہرے پہ یا پیروں میں سوجن آتی ہے۔ سانس میں تکلیف ہوتی ہے۔ جلد پر خارش یا کھجلی رہتی ہے۔ ٹانگوں میں بے چینی، درد رہتا ہے۔ بار بار کروٹ بدلنے کا دل چاہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہیں۔ ان میں سوئیاں چبھتی ہیں۔ ہڈیوں یا جوڑوں میں درد رہتا ہے۔ ازدواجی تعلقات میں مسائل تو نہیں۔ ماہواری صحیح آتی ہے یا نہیں۔ کوئی دوا استعمال کرتے رہے ہیں جیسے درد کی دوایاں کوئی شوگر، بلڈ پریشر کی بیماری تو نہیں۔ کبھی کسی ڈاکٹر نے آپ کو کہا ہے کہ آپ کا گردا بڑھ گیا ہے یا سکڑگیا ہے۔

آپ کو کمزوری کہاں کہاں ہے۔ کمزوری کب سے ہے۔ کمزوری اچانک سے آئی یا آہستہ آہستہ کمزوری بڑھتی چلی گئی۔ دونوں ٹانگوں میں (یا ٹانگ اور بازو میں) کمزوری ایک جیسی یا ایک میں زیادہ دوسری میں کم۔ ٹانگوں میں کمزوری نیچے سے اوپر آء تھی یا اوپر سے نیچے آئی ہے۔ کمزوری پہلے بازو میں آئی یا ٹانگوں میں۔ جس ہاتھ/پاؤں میں کمزوری نہیں ہے وہ بلکل ٹھیک ہیں یا ان میں بھی کچھ کمزوری ہے۔ کمزوری کے ساتھ گوشت کم ہوتا ہوا یا سوکھتا ہوا

محسوس ہوتا ہے۔ گوشت ہلتا یا پھڑکتا ہے۔پیشاب پاخانہ محسوس ہوتا ہے یعنی کنٹرول میں ہے۔ ہاتھ ، پیروں کے سن ہونے۔ ان میں سنسناہٹ ہونے یا سوئیاں چبھنے کی شکایت ہے۔آپ خود سے یا سہارے سے اٹھ کر بیٹھ سکتے ہیں۔آپ خود سے یا سہارے سے چل پھر سکتے ہیں۔ خود سے کھانا کھا لیتے ہیں۔ کنگا کر لیتے ہیں۔ قمیض کے بٹن لگا لیتے ہیں۔ زیادہ وقت بستر پر لیٹنے سے کمر پر یا جسم کے کسی دوسرے حصے پر زخم تو نہیں بن گئے۔یہ کمزوری پہلی دفع آئی ہے یا اس سے پہلے بھی کبھی کہیں کمزوری آئی تھی۔

RELEVANT EXAMINATION FOR PARAPLEGIA+ HEMIPLEGIA

آنکھوں سے دھندلا یا دو دو نظر آنے کی شکایت ہے۔ پانی پیتے ہیں تو پانی منہ سے گرتا یا ناک سے واپس آتا ہے۔کھانا نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے۔ کھانا کھانے میں کھانسی ہوتی ہے۔آواز میں تبدیلی محسوس ہوتی ہے۔آواز ناک سے نکلتی ہے یا بھاری ہوگئی ہے۔ کیا زبان موٹی ہوگئی ہے۔ زبان کا گوشت ہلتا یا پھڑکتا ہے۔ کھانا کھانے میں تکلیف ہوتی ہے۔ کیا آپ کے مزاج میں تبدیلی آئی ہے جیسے غصہ زیادہ آنے لگا ہو یا کبھی خود بخود ہسنے یا خود بخود رونے کا دل چاہتا ہو۔

ETIOLOGY OF PARAPLEGIA+HEMIPLEGIA

کمزوری سے پہلے یا کمزوری کے ساتھ آپ کو بخار آیا تھا۔ بخار کے ساتھ آپ کو کھانسی، بلغم یا جلاب آئے تھے۔ گھر میں یا ملنے جلنے والوں میں کسی کو ٹی بی ہے۔آپ کو سردرد، بے ہوشی، جھٹکوں یا فالج کی شکایت ہوئی ہے۔ آپ کو بلڈ پریشر یا شوگر زیادہ ہونے کی شکایت ہے۔ کمر میں یا جوڑوں میں درد رہتا ہے۔ کمر کا درد کس طرف جاتا ہے۔کمزوری سے پہلے گردن یا کمر پر چوٹ آئی تھی۔ بھوک نہ لگنے یا وزن میں کمی کی شکایت ہے۔ خون زیادہ گاڑھا یا زیادہ پتلا ہو جانے کی شکایت ہے۔ دماغ میں خون جمنے یا بہہ جانے کی شکایت ہوئی ہے۔ جسم کے کسی حصے جیسے دماغ کی کمر میں رسولی یا پیپ آئی ہے۔کیا آپ کو کمزوری، تھکاوٹ رہتی ہے۔ ہفتے یا مہینے میں گوشت کتنی بار لیتے ہیں۔ آپ کو آنتوں کی کوئی بیماری جیسے آنتوں کی ٹی بی تو نہیں۔ جلاب ہوتے ہیں۔کبھی معدے یا آنتوں کا آپریشن ہوا ہے۔ہاتھوں پیروں میں سنسناہٹ ہونے، سوئیاں چبھنے یا ہاتھ پاؤں سن ہونے کی شکایت ہے۔ چپل پاؤں سے نکلی جاتی ہے۔پیٹ سے کیڑے نکلے ہیں۔ گوشت، انڈا، دودھ، مچھلی استعمال کرتے ہیں۔ بھولنے کی عادت یا یاد داشت

میں کمزوری محسوس ہوتی ہے۔ نظر کی کمزوری یا دھندلا پن محسوس ہوتا ہے۔کیا سیدھی آنکھ بند نہیں ہوتی۔ پانی پیتی ہیں توں منہ سے پانی گرتا ہے۔ کیا زبان کا ذائقہ بدل گیا ہے یا خراب ہوگیا ہے۔ سنائی ٹھیک دیتا ہے یا کونوں میں شور آتا ہے۔

BRONCHOGENIC CA – (PK: 857)

کھانا نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے۔ آواز میں تبدیلی یا بھاری پن محسوس ہوتا ہے۔ہاتھوں میں کمزوری یا کلائی میں درد محسوس ہوتا ہے۔ بھوک اور وزن میں کمی آئی ہے۔ ہاتھ اوپر کھڑا کرنے سے چہرے پر سرخی اور سانس میں گھٹن محسوس ہوتی ہے۔ کیا تھکاوٹ، کمزوری رہتی ہے۔ بار بار بخار آتا ہے۔ معمولی چوٹ سے جلد پر نیل پڑ جاتی ہے۔جسم کے کسی حصے جیسے گردن، بغلوں یا ٹانگوں میں گٹھلیاں محسوس ہوتی ہیں۔کیا جلد کی رنگت خاص کر بغلوں اور گردن کے پیچھے کی رنگت کالی ہورہی ہے۔ کیا جلد پر دانے، دھبے، خارش ہوتی ہیں۔ کیا کمر میں، جوڑوں، ہڈیوں اور پٹھوں میں درد ہوتا ہے۔ کیا کلائی کے جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔ بیٹھ کر اٹھنے پر یا کنگا کرنے میں تکلیف ہوتی ہے۔ہاتھ اوپر کرنے پر چہرے پہ سرخی یا سانس کی گھٹن کا احساس ہوتا ہے۔ کیا وزن بڑھ گیا ہے یا کم ہو گیا ہے۔ چہرے اور جسم کے بال بڑھ گئے ہیں۔ شوگر زیادہ یا نارمل۔ پیاس زیادہ۔ پیشاب زیادہ۔ کیا معدے میں تیزابیت اور جلن یا قبض کی شکایت ہے۔ سر میں درد، جھٹکے، بے ہوشی یا جسم کے کسی حصے میں کمزوری کی شکایت ہے۔ ہاتھ پیروں میں کمزوری یا سن ہونے کی شکایت ہے۔ چلنے میں قدم لڑ کھڑاتے ہیں۔ آنکھوں سے دھندلایا دو دو نظر آتا ہے۔ دل کی دھڑکن کم زیادہ یا بے ترتیب ہوتی ہے۔ پیٹ میں درد، الٹی، جلاب یا پیلیا ہوا ہے۔ پیروں میں، پیٹ میں، چہرے پر یا آنکھوں کے ارد گرد سوجن آتی ہے۔ پیشاب زیادہ آتا ہے، کم آتا ہے یا نارمل۔ پیشاب میں جلن ہونے اور جھاگ آنے کی شکایت ہے۔

TUBERCULOSIS – (PK: 839)

بخار، کھانسی، بلغم، سانس کی تکلیف کے سوالات پوچھیں۔ شام میں بخار کے ساتھ ٹھنڈے پسینے آتے ہیں۔ بھوک اور وزن میں کمی آئی ہے۔ کبھی نہارمنہ نو مہینے ٹی بی کی گولیاں کھائی ہیں۔ خاندان میں یا ملنے جلنے والوں میں کسی کو ٹی بی ہے۔ گھر میں کتنے کمرے ہیں اور ان میں کتنے افراد رہتے ہیں۔ ٹی بی، نمونیا کے حفاظتی ٹیکے لگتے تھے۔ کیا تھکاوٹ کمزوری رہتی ہے۔ معمولی چوٹ لگنے پر جلد پر نیل پڑ جاتی ہے۔ جسم کے کسی حصے پر گٹھلیاں محسوس ہو تی

ہیں جیسے گردن، بغلوں یا رانوں پر گٹھلی ہے۔کیا جلد پر دانے، دھبے اور خارش ہوتی ہے۔ کیا جسم کے کسے حصے سے پیپ خارج ہوتی ہے۔ جیسے جلد سے، ہڈی سے یا کسی غدود سے۔ کیا بیٹھ کر اٹھتے وقت چکر آتے ہیں۔ کیا رنگت پہلے سے خراب ہوگئی ہے۔ کمر کے درد کے ساتھ ہاتھوں پیروں میں کمزوری یا سن ہونے کی شکایت ہے۔ سر میں درد، جھٹکے آنے یا بے ہوش ہو جانے کی شکایت ہوئی ہے۔ آنکھوں سے دھندلایا دو دو نظر آتا ہے۔ چلتے وقت قدم لڑ کھڑاتے ہیں۔ دل کی ڈھڑکن کم زیادہ یا بے ترتیب ہوتی ہے۔پیٹ میں درد، اُلٹی، جلاب یا پیلیا ہوا ہے۔ پیروں میں، پیٹ میں، چہرے پر یا آنکھوں کے ادر گرد سوجن آتی ہے۔پیشاب زیادہ آتا ہے یا کم یا نارمل آتا ہے۔ پیشاب میں جلن اور جھاگ یا پیشاب کا رنگ تبدیل ہونے کی شکایت ہے۔ آپ کو کوئی جنسی بیماری ہے۔ کوئی ایسی دوا لیتے ہیں جس سے قوتِ مدافعت کم ہوتی ہو۔

TB INVESTIGATION

بلغم میں ٹی بی کے جراثیم موجود تھے۔ بلغم ٹیسٹ، سینے کا ایکسرے، سی ٹی اسکین یا بائیوسپی کروائی ہے۔ کبھی ناک سے کیمرے والی ٹیوب ڈال کر پھپھڑوں کی معائنہ کیا گیا ہے۔ کبھی پھیپھڑوں مین سوئی یا ٹیوب ڈال کر پانی، پیپ یا ہوا نکالی گئی ہے۔

TB TREATMENT

کیا نہار منہ نو مہینے ٹی بی کی گولیاں کھائی ہیں۔ گولیوں کے ساتھ دو مہینے تک روزانہ گوشت میں انجیکشن لگتا تھا یا نہیں۔ گولیاں باقاعدگی سے کھائیں یا علاج کبھی بیچ میں چھوڑا۔ گولیاں کھانے سے آپ کا مرض بہتر ہوا تھا یا نہیں۔ ٹی بی کی گولیوں کا کوئی سائڈ افیکٹ ہوا تھا جیسے الٹیاں لگنا، پیلیا ہونا، نظر کمزوری، کم سنائی دینا یا ہاتھ پاؤں سن ہوجانا۔پیلئے کی وجہ سے دوا کون سے مہینے میں کتنے دن کے لئے روکی گئی۔ جب دوا دوبارہ شروع کرائی گئی تو ان میں سے کون س دوا لینے سے منع کیا گیا تھا۔الٹی متلی یا پیلئے کی شکایت ہوئی ہے۔ جلد پر دھبے یا نشان پڑ گئے ہیں۔ ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہیں۔ کانوں میں گھنٹیاں بجنے یا کم سنائی دینے کی شکایت ہوتی ہے۔ سر میں درد، بے ہوشی یا جھٹکوں کی شکایت ہوتی ہے۔ کیا اداس اور مایوس رہنے لگے ہیں۔

JAUNDICE/CLD – (PK: 313-14)

پیلیا کب سے ہے۔ کیسے شروع ہوا۔ آپ کو یا آپ کے گھر میں کسی کو خون کی، جگر کی یا ٹی بی کی بیماری ہے۔ کیا آپ کو کمزوری، تھکاوٹ رہتی ہے۔ بھوک اور وزن میں کمی آئی ہے۔ بخار آتا ہے۔ جسم کے کسی حصے سے خون آتا ہے۔ الٹی یا جلاب میں خون آتا ہے۔ پیشاب کس رنگ کا آتا ہے۔پاخانہ کس رنگ کا آتا ہے۔ جسم کے کسی حصے جیسے گردن، بغلوں، رانوں میں سوجن یا گٹلیاں بنتی ہیں۔پیٹ میں درد، سینے میں جلن، بد ہضمی کی شکایت ہے۔ کیا پیٹ پہ، پیروں میں یا چہرے پہ سوجن آتی ہے۔ سوجن پہلے کہاں آئی۔ پیٹ کی سوجن کے ساتھ،پیٹ میں درد اور بخار ہوا ہے۔جلد پر خارش، دھبے یا نیل پڑتے ہیں۔ جسم پر بال پہلے کی نسبت کم ہوگئے ہیں۔ جلد کی رنگت پہلے سے کم ہوگئی ہے۔ کبھی انگلیوں پر زخم یا السر بنے ہیں۔ دھوپ میں نکلنے سے چہرے پر جلن، منہ میں چھالوں یا چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد کی شکایت ہوتی ہے۔ کبھی بے ہوشی، غنودگی یا جھٹکوں کی شکایت ہوئی ہے۔ سینے میں درد، کھانسی، بلغم، یا سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ پیشاب میں کمی یا پیشاب میں جھاگ اور خون آنے کی شکایت ہے۔ بیوی سے ملنے کادل چاہتا ہے۔ اردواجی تعلقات کے مسائل تو نہیں۔ ماہواری وقت پر آتی ہے زیادہ یا کم یا نورمل۔ کبھی شراب پی ہے۔ کبھی نشے کے لئے انجیکشن لگوائے ہیں۔ کبھی جلد پر نام یا کوئی نقش کروایا ہے۔ناک، کان چھدوائے ہیں۔کس سے۔ کس طرح۔ کبھی لال یا سفید خون لگا ہے۔ کتنی بوتل۔ شادی شدہ ہے۔ بیوی کی ٹی بی، پیلیا یا جگر کی بیماری تو نہیں۔ بیوی ک علاوہ کسی اور سے جسمانی تعلقات تو نہیں۔ شہر سے یا ملک سے باہر جانا ہوا ہے۔ کوئی دوا استعمال کرتے ہیں۔کسی آپریشن کیلیئے آپ کو دوا دے کر بے ہوش کیا گیا ہے۔ نائی سے شیو کرواتے ہیں۔ دانتوں کی تکلیف سے ڈینٹسٹ کے پاس جانا ہوا ہے۔

جلاب، گندم، سوجی، معدہ کے استعمال سے بڑھ جاتے ہیں۔آپ کو کب سے جلاب ہیں۔ دن میں کتنی بار موشن آتے ہیں۔ موشن کس طرح کے ہوتے ہیں۔ پتلے یا پانی جیسے۔ موشن کس رنگ کے ہوتے ہیں۔ کالے پاخانے تو نہیں آتے۔ خون بنانے والی فولاد/آئرن کی گولیاں تو نہیں لیتے۔ موشن میں خون، پیپ، بلغم، چکنائی یا کیڑے تو نہیں آتے۔ موشن کوبہانا مشکل ہوتا ہے۔ موشن کھانے سے پہلے آتے ہیں یا کھانے کے بعد۔ جلاب کے ساتھ کوئی اور تکلیف جیسے پیٹ میں درد، مروڑ، بخار، الٹی یا پیلیا ہوا ہے۔منہ میں چھالے یا زخم بنتے ہیں۔ پا خانے کی جگہ تکلیف یا خون، پیپ آتی ہے۔ پیروں، پیٹ یا چہرے پر سوجن آتی ہے۔ سوجن کہاں پہلے آئی۔ کسی خاص غذا جیسے گندم کی روٹی کھانے سے موشن زیادہ آتے ہیں۔ پانی نل کا پیتے ہیں، اُبا کے یا خرید کے۔ معدے یا آنتوں کا کبھی آپریشن ہوا ہے۔ آپکو یا گھر میں کسی کو آنتوں کی بیماری یا ٹی بی ہے۔ نہار منہ نو مہینے ٹی بی کی گولی کھائی ہے۔ موشن کے

لئے کسی ڈاکٹر کو دکھایا۔کیا دوالی یا ٹیسٹ کروائے۔ کبھی پاخانے کے راستے کیمرے والی ٹیوب ڈال کے آنتوں کا معائنہ یا کیا آپ کو کمزوری تھکاوٹ ہوتی ہے۔ بھوک میں یا وزن میں کمی ائی ہے۔ بار بار بخار آتا ہے۔خو بخود یا معمولی چوٹ سے جسم پر نیل پڑتی ہے۔ کبھی سفید یا لال خون لگا ہے۔ جسم کے کسی حصے جیسے گردن، بغلوں یا رانوں پر گٹلیاں بنتی ہیں۔ دل دھبے خارش نیل یا زخم۔ جلد پر خارش، چھالے، زخم یا السر ہوئے ہیں ۔ جسم کے چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔ دھوپ میں چہرے پر جلن یا منہ میں چھالے ہوتے ہیں۔ کنگھا کرنے یا بیٹھ کر کھڑے ہونے میں تکلیف ہوتی ہے۔سردی اچھی لگتی ہے یا گرمی یا دونوں موسم برداشت کر لیتے ہیں۔ شوگر کی زیادتی کی بیماری تو نہیں۔ کبھی بے ہوشی، جھٹکوں یا فالج کی تکلیف ہوئی ہے۔ ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہیں۔ ان میں سنسناہٹ ہوتی ہے۔ چلنے میں پاؤں سے چپل نکلتی ہے۔ کیا چلنے میں قدم لڑ کھڑاتے ہیں۔ آنکھوں میں سرخی، چبھن محسوس ہوتی ہے۔ سینے میں درد، سانس کی تکلیف یا کھانسی بلغم کی شکایت ہے۔ بلغم میں خون تو نہیں آتا۔ دل کی دھڑکن زیادہ کم ہوتی ہے۔ بلڈ پریشر زیادہ رہتا ہے یا کم۔ شوہر/بیوی سے ملنے کا دل چاہتا ہے۔ ازدواجی تعلقات کے مسائل تو نہیں۔ ماہواری صحیح وقت پر آتی ہے۔ کم یا زیادہ تو نہیں آتی۔ ماہواری کس عمر میں شروع ہوئی۔

MALENA:

خون تازہ ہوا ہے یا جما ہوا۔ سرخ ہوتا ہے یا کالا۔ خون پاخانے میں ملا ہوا ہوتا ہے یا پاخانے کے بعد گرتا ہے۔

Weight Loss:

